01/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹیننٹ گورنر

کیئر کی 32 ویں Palliative لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایمز جموں میں انڈین ایسوسی ایشن آف بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اپنے کلیدی خطاب میں ، لیفٹیننٹ گورنر نے ماہرین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ مہلک امراض سے لڑنے والے مریضوں کا حوصلہ بڑھانے کے لئے معیاری اور مقبول طریقہ کار کو بروئے کار لا کر ایسے مریضوں کے ساتھ انتہائی رحم دلی کے ساتھ پیش آئیں اور ان کی ضروریات کے بارے میں حساس رہیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت جموں کشمیر نے سال 2022میں تمام اضلاع میں 10 بستروں والے جدید کئیر ادارے قائم کئے ۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ایمز جموں میں ریڈیو تھرپی آنکولوجی Palliative ترین اور آپریشن تھیٹر کمپلیکس کا افتتاح کیا۔

بجٹ

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج لوک سبھا میں مالی سال 2025-26 کا مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ بجٹ پیش کرنے سے پہلے، اقتصادی سروے کل پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا گیا، جس میں معیشت کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔

بجٹ سیشن کا پہلا مرحلہ 13 فروری تک جبکہ دوسرا مرحلہ 10 مارچ سے 4 اپریل تک جاری رہے گا۔

شنگلو

ملک کے عوام کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر کے لوگوں کو بھی مرکزی بجٹ سے امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں ۔ اس سلسلے میں کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر عاشق حسین شنگلو نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈولو نے سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے دوران محکمہ خوراک ، شہری رسادات اور امور صارفین اور لیگل میٹرولوجی محکمے کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے دونوں محکموں کے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ صارفین کے حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لئے ملازمین کی صلاحیت سازی کے لئے خصوصی پروگرام منعقد کریں ۔

انہوں نے ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ خطے میں تمام صارفین کے لئے معیاری مصنوعات دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ قابل استطاعت قیمتوں پر میسر ہو ۔

کمیٹی

جموں و کشمیر قانون سازیہ کی بزنس رولز کمیٹی اگلے ہفتے مسودہ قواعد پر غور و فکر کرنے کے لئے ایک میٹنگ منعقد کرے گی تاکہ ایوان کی کاروائی قواعد و ضوابط کے ساتھ ساتھ منظم طریقے سے انجام دی جا سکے ۔

کمیٹی کی سربراہی اسمبلی اسپیکر عبد الرحیم راتھر کررہے ہیں ۔ جبکہ نیشنل کانفرنس کے مبارک گل ، سیف اللہ میر اور حسنین مسعودی بطور رکن شامل ہیں ۔ ان کے علاوہ بی جے پی کے ایم وائی تاریگامی ، کانگریس کے نظام CPIMکے پون کمار گپتا اور رنبیر سنگھ پٹھانیہ ، الدین بٹ اور آزاد رکن اسمبلی مظفر اقبال خان کمیٹی میں شامل ہیں ۔

کمیٹی کے ارکان کا اگر اکثریت کے ساتھ مسودے پر اتفاق ہوتا ہے تو اسے حتمی منظوری کیلئے لیفٹنٹ گورنر کو بھیج دیا جائے گا ۔

درجہ بندی

نیشنل ہیلتھ مشن جموں کشمیر نے دسمبر 2024کے مہینے کے لئے ہاسپٹل منیجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے تحت طبی اداروں کی درجہ بندی جاری کی ہے۔ جس میں ضلع اسپتالوں کے زمرے میں پہلی رینک ضلع اسپتال شوپیان، ایسوسی ایٹڈ اسپتالوں کے نئے جی ایم سی کے زمرے میں گورنمنٹ میڈیکل کالج ، کٹھوعہ کو پہلی رینک حاصل ہوئی ہے جبکہ کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز کے پکھر پورہ بڈگام نے حاصل کیا ہے ۔ CHC زمرے میں پہلا درجہ

وِنٹر فیسٹیول

نڈیشن، محکمہ سیاحت اورفوج کے باہمی اشتراک سے 8 ۂضلع انتظامیہ ڈوڈہ تیجس ایک پہل فاو وِنٹر فیسٹیول کا اہتمام کررہی ہے۔ فسٹیول میں متعدد تفریحی و تخلیقی Draman فروری کو لال سرگرمیاں منعقد ہوں گی ، جن میں گانے کے مقابلوں اور ثقافتی پروگرام شامل ہیں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ ڈرائیوروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اوورَ ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ دن کے اوقات کے دوران ہی شاہراہ پر سفر کریں اور رامبن اور بانہال کے درمیان غیر ضروری طور پر رکنے سے پرہیز کریں۔

البتہ سرینگر کرگل روڑ //بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اور سنتھن روڈ ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

برفباری

وادی کے کئی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی برف باری کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔ شوپیان میں آج صبح ساڑھے سات بجے تک 3 انچ برف باری جمع ہوئی جبکہ ہیر پورہ میں دس انچ ، سیدھو میں ایک فٹ، دوبجن میں 16 انچ اور پیر کی گلی میں ڈھائی فُٹ برف جمع ہونے کی اطلاع ملی ہے ۔

اِدھر بارہمولہ کے کئی مقامات سے بھی تازہ برف باری کی خبریں ملی ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 0 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ